30/03/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گُل

ایل جی

جموں میں کل ”جموں میراتھن “کا انعقاد کیا گیا۔اس میرا تھن میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی جن میں کئی اہم شخصیات بھی شامل تھیں۔جموں میرا تھن کے اختتام پرفاتحین کو انعامات سے نوازنے کے بعد ایل جی نے کہا ہے کہ میرا تھن جیسی فٹنس سرگرمیاں نہ صرف انسانی صحت کیلئے مفید ہیں بلکہ یہ ذہنی صحت کو فائدہ پہنچانے کے علاوہ اتھلیٹ کو مختلف محاذوں پر بھی کامیابی کیساتھ ہمکنار کراتی ہیں۔

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے جموں کشمیر میں کھیل کود کے منظر نامے کو نئی اونچائیوں تک لے جانے کے سرکار کے عزم کودُہرایا ہے ۔ کل جموں میں مردوں کے جموں کشمیر ہاکی چمپئن شپ2026کے اختتامی تقریب پر فاتحین کو انعامات سے نوازنے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ سرکار تمام کھلاڑیوں کومساواتی بنیاد پر موقعے فراہم کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کی صلاحیتونکا مظاہرہ جو دیکھنے کو مل رہا ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جموں کشمیر کھیل کود میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کے سبھی بڑے اسپتالوں اور دیگر طبی اداروں میں کرٹیکل کیئر یونٹس کو مزیدمستحکم بنانے کی ضرور ت پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے جموں میں صحت و طبی تعلیم محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے جموں کشمیر میں قائم کئے گئے نئے میڈیکل کالجوں اور ضلع اسپتالوں میں فراہم کی جا رہی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ مینمحکمے صحت اور میڈیکل کالجوں کے اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی ۔میٹنگ کے دوران ڈائریکٹر سکمز صورہ پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے نئے میڈیکل کالجوں میں طبی سہولیات میں بہتری لانے کیلئے اُن کے سکمز صورہ کے ساتھ قریبی تال میل اور اشتراک کی تجویز دی ۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب کی صدارت میں ضلع نیوٹریشن کمیٹی اور ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں غذائیت سے متعلق اقدامات اور مختلف محکموں کے باہمی اشتراک کا جائزہ لیا گیا۔

اجلاس میں پوشن ابھیان، سپلیمنٹری نیوٹریشن پروگرام، آنگن واڑی مراکز کی کارکردگی، اور بچوں کی بہتر نشوونما کے لیے جاری اسکیموں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے غذائی قلت کے خاتمے کے لیے ڈیٹا پر مبنی حکمتِ عملی اپنانے اور ہر سطح پر
م

ثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت دی۔¶

سکمز

عالمی یوم تپ دق کے موقعے سکمز صورہ میں پوسٹ گریجویٹ ریذیڈنٹس کیلئے ایک آرینٹیشن پروگرام منعقد کیاگیا۔ پروگرام کامقصد تپ دق سے متعلق آگاہی بڑھانا ، طبی معلومات کو مستحکم بنانا اور اس بیماری کے خاتمے کیلئے کی جا رہی کوششوں میں ڈاکٹروں کی شمولیت کو فروغ دینا تھا۔ یہ پروگرام سو روزہ تپ دق خاتمہ مہم کے تحت منعقد کیا گیا۔

ٹینکر

دو بھارتی ایل پی جی ٹینکرز94ہزارٹن گیس لے کر آبنائے ہرمز عبور کر چکے ہیں۔ یہ ٹینکرز جلد بھارتی ساحلوں تک پہنچیں گے، جن میں سے ایک ممبئی جبکہ دوسرا نیو منگلور پہنچنے کی توقع ہے۔س سے قبل بھی متعدد بھارتی ٹینکرز بحفاظت اس راستے سے گزر چکے ہیں، جبکہ حالیہ دنوں میں کئی جہاز بھارتی بندرگاہوں تک پہنچے ہیں۔

تیل

مرکزی حکومت نے ایک گزٹ نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے پبلک ڈسٹری بیوشن سسٹم کے تحت 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں سپیریئر مٹی کے تیل کی تقسیم کی اجازت دے دی ہے۔ یہ فیصلہ مغربی ایشیاءمیں موجودہ حالات کے باعث توانائی کی فراہمی میں رکاوٹوں کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

نوٹیفکیشن کے تحت منتخب پٹرول پمپس کو ذخیرہ اور تقسیم کرنے کی اجازت ہوگی، جبکہ یہ سہولت فی الحال 60دن کے لیے نافذ العمل ہوگی۔

ریلوے

گرمائی چھٹیوں کے دوران مسافروں کے ممکنہ رش کو دیکھتے ہوئے شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے جموں اور چھپرا کے درمیان خصوصی ٹرین سروس چلانے کا اعلان کیا ہےجموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمشنر منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ اس خصوصی سروس سے جموں ، پنجاب ، اُتر پردیش اور بہار سے سفر کرنے والے مسافروں کوسفر کی آرام دہ سہولیات دستیاب رہیں گی۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع کے مختلف بازاروں اور پیٹرول پمپس کا دورہ کیا۔انہوں نے پیٹرول اور ڈیزل کی دستیابی کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ایندھن اور ضروری اشیاءکی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ